© rasailojaraid.com



# روح اخبار

—— نئی دہلی ۶ رجنوری ۱۹۴۱ء کی مردم شماری کا کام پہلی مارچ کو ختم ہوجانا چاہئے۔ یہ کام بہار اور آسام میں ایک ہفتہ میں شروع ہوجائیگا۔ مدراس۔ یو۔پی اور سی پی میں فروری کے دوسرے ہفتہ میں شروع ہوگا اور پنجاب، بمبئی اور سرحد میں فروری کے آخری ہفتہ میں شروع ہوگا۔ دوسرے صوبوں کی تاریخوں کے متعلق بعد میں اعلان ہوگا۔ ۱۹۳۱ء میں آخری تاریخ ۲۸ رفروری تھی۔ امریکہ میں مردم شماری پر بارہ کروڑ روپیہ صرف ہوتا ہے۔ ہندوستان میں پچاس لاکھ روپیہ صرف ہوگا۔ تقریباً پندرہ لاکھ اشخاص کام کرینگے۔ (تیج)

—— سلطنت برطانیہ کے مختلف حصوں میں مسلمانوں کی آبادی حسب ذیل ہے۔

| | | |
|---|---|---|
| (۱) ہندوستان ۸ کروڑ ۵۰ لاکھ | (۲) سیلون ۵ لاکھ ۵۰ ہزار | (۳) جزائر ملایا ۲۰ لاکھ |
| (۴) جزائر بورنیو ۷ لاکھ | (۵) بحرین ایک لاکھ ۵۰ ہزار | (۶) عدن ایک لاکھ ۱۳ ہزار |
| (۷) فلسطین ۸۲ لاکھ | (۸) شرق اردن ۷ لاکھ | (۹) طبرلیس ۳۰ ہزار |
| (۱۰) سوڈان ۵۶ لاکھ ۹۰ ہزار | (۱۱) جنوبی افریقہ ایک لاکھ ۷۰ ہزار | (۱۲) مغربی افریقہ ۲ کروڑ ۱۷ لاکھ |
| (۱۳) کینیا ۲۰ لاکھ | (۱۴) یوگینڈا ۱۵ لاکھ | (۱۵) ٹنگانیکا ۱۰ لاکھ |
| (۱۶) زنجبار ۳ لاکھ | (۱۷) سمالی لینڈ ۷۰ ہزار | (۱۸) آسٹریلیا ۱۰ لاکھ |
| (۱۹) افریکن جزائر ایک لاکھ ۵۰ ہزار | میزانکل ۳۲ کروڑ ۲۷ لاکھ ۱۸ ہزار | (انجام) |

—— حیدرآباد میں ایک ہزار ۸۷ ڈاکخانے ہیں۔ ۳۹-۱۹۳۸ء میں ان میں سے ۳ لاکھ معمولی اور رجسٹری شدہ خطوط گذرے ۱۵۹ نئے ڈاکخانے کھلے۔ اور ۳۲۸ نئے ڈاک کے ڈبے لگائے گئے۔ دس ہزار اشخاص کا حساب ڈاکخانے میں جمع تھا جنکی کل رقم ایک کروڑ ۱۸ لاکھ روپیہ تھی۔ محکمہ کو سوا گیارہ لاکھ روپیہ کی آمدنی ہوئی اور خرچ نکالکر ۲ لاکھ روپیہ کا منافع رہا۔ (تیج)

—— بمبئی ۲۳ ردسمبر ۱۹۴۰ء۔ پچھلے ہفتہ ۴ لاکھ تولہ سونا (۱۲۵ من) جس کی قیمت ۱۰ لاکھ پونڈ بیان کی جاتی ہے امریکن جہاز پریذیڈنٹ پر امریکہ بھیجا گیا (انقلاب ۲۷ دسمبر)

—— ۲۴ ردسمبر ۱۹۴۰ء۔ مدراس میں گداگروں کے انسداد کے واسطے ایک جدید قانون بنایا جارہا ہے جس کے مطابق مدراس میں ایک ورک ہاؤس بنایا جائیگا۔ تندرست گداگروں کیلئے اجرت پر کام فراہم کیا جائیگا۔ اور اپاہج اور مریض گداگروں کیلئے روٹی فراہم کی جائیگی۔ اس کے بعد تندرست گداگروں کو جرمانے کئے جائینگے تاکہ وہ گداگری کی طرف مائل نہ ہوں (انقلاب)

—— ۷ رجنوری۔ ریاست حیدرآباد خاص میں تو پہلے ہی سے ریڈیو اسٹیشن ہے اب اورنگ آباد میں بھی ایک ریڈیو اسٹیشن کھلنے والا ہے جسکے لئے انتظامات مکمل ہیں۔ معلوم ہوا ہے کہ اس کے افتتاح کی رسم مارچ کے تیسرے ہفتہ میں ادا ہوگی۔ (تیج)

جناب شیخ حاجی عبدالوہاب صاحب پرنٹر و پبلشر نے جید برقی پریس دہلی میں چھپوا کر دفتر رسالہ محدث دار الحدیث رحمانیہ دہلی سے شائع کیا۔

© rasailojaraid.com